GLOBAL FUND FOR WOM=N
Champions for Equality

AMPLIFYCHANGE

BAIDARIE

# صنفی بنیادوں پہ مساوات، بااختیاری اور انصاف کی فراہمی کا پروگرام



تشدد کا شکار خواتین مندرجہ ذیل اداروں سے درکار قانونی امداد کے لئے براہِ راست رابطہ کر سکتی ہیں


www.baidarie.org.pk
facebook.com/baidarie
arshidmirza2010@gmail.com
hina.baidarie@gmail.com

بیداری: 052-3514246-8

پنجاب کمیشن برائے خواتین: 1043

ایڈریس: بیداری ہیڈ آفس مکان نمبر 13/7-B اگوکی ماڈل ٹاؤن، سیالکوٹ

## بیداری کا تعارف

بیداری دیہی خواتین کا 1993ء میں قائم کردہ ایسا سماجی ادارہ ہے۔ جو بنا کسی مذہبی، لسانی، سیاسی اور معاشرتی تفریق وامتیاز کے اپنی خدمات بلانفع بنیادوں پر پیش کرتا ہے۔ یہ محکمہ سماجی بہبود پنجاب سے رجسٹرڈ ہے۔

تنظیمی لحاظ سے بیداری عمومی طور پر دیہی لوگوں اور خصوصی طور پر خواتین کی بے عملی اور سماجی ترقیاتی عمل سے لاتعلقی کے رجحان کو ترک کر کے ترقی کے عمل کا فعال حصہ دار بننے کی علامت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اسکی خدمات کا دائرہ پورے ضلع سیالکوٹ پر محیط ہے۔

## منصوبے کا پس منظر

صنفی بنیادوں پر عدم مساوات، امتیاز وتفریق اور تشدد آمیز رویے پاکستانی معاشرے کی سماجی، معاشی اور انسانی ترقی کے عمل میں مسلسل رکاوٹ رہے ہیں۔ اقوامِ متحدہ کے ادارے یو این ڈی پی کے 2014 میں مرتب کردہ صنفی عدم مساوات کے اشاریوں پر جانچ کے مطابق پاکستان اقوامِ عالم میں 126 ویں نمبر پہ کھڑا ہے۔ اسی طرح پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کی 2015 میں شائع کردہ رپورٹ کے مطابق ملک میں صنفی بنیادوں پر تشدد بہت عام ہے۔

اسکی وجوہات میں صنفی بنیادوں پر تعصب آمیز رویّے، انتہا پسندی، معاشی ناہمواریاں، خواتین کا اپنے حقوق سے آگاہ نہ ہونا اور اُنکی فوری قانونی، سماجی امداد اور فوری آسان انصاف کے لئے قائم کردہ اداروں تک رسائی میں دُشواری شامل ہیں۔

اس حقیقت کے ادراک میں کہ صنفی بنیادوں پر امتیاز وتفریق اور تشدد انسانی زندگیوں کو برباد کرتا ہے، خواتین اور لڑکیوں کے لئے ترقی کے مواقع محدود کر دیتا ہے، خاندانوں کو توڑ دیتا ہے اور عمومی ترقی کے عمل کو روک دیتا ہے۔ بیداری خواتین کی ترقی اور صنفی امتیاز وتفریق اور تشدد کی روک تھام کے لئے اپنے قیام سے لے کر اب تک مسلسل کوشاں ہے۔

اپنی انہی کوششوں کے تسلسل میں بیداری نے "صنفی بنیادوں پہ مساوات، بااختیاری اور انصاف کی فراہمی کا پروگرام" شروع کیا ہے جس میں گوجرانوالہ ڈویژن کے چھ اضلاع سیالکوٹ، گوجرانوالہ، نارووال، گجرات، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین شامل ہیں اس پروگرام کے ذریعے جولائی 2017 سے نومبر 2018 تک مندرجہ ذیل مقاصد حاصل کئے جائیں گے۔

## ترقیاتی مقاصد

گوجرانوالہ ڈویژن میں نوجوانوں اور دوسرے متعلقہ افراد اور اداروں کی شراکت سے بیداری قانونی اور سماجی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے صنفی بنیادوں پر تشدد کو کم کر کے خواتین کے لئے احترام کی ثقافت کو بڑھانے کے لئے معاونت فراہم کرے گی۔

## مخصوص مقاصد

ا۔صنفی بنیادوں پر تشدد کم کرنے کے لئے، خواتین اور لڑکیوں کو رُسوا کرنے کی کوششوں اور اُنکے خلاف امتیاز و تفریق کو روکنے کے لئے گوجرانوالہ ڈویژن میں عام لوگوں میں آگہی بڑھانا، صنفی بااختیاری کے لئے سہولت کاری کرنے والوں میں رابطہ کاری کرنا، متعلقہ افراد اور اداروں کو متحرک کرنا اور نوجوانوں کے گروپس کی کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا۔

۲۔انصاف تک آسان رسائی کے لئے صنفی بنیاد پر تشدد کا شکار خواتین اور لڑکیوں کو قانونی، سماجی اور نفسیاتی مدد فراہم کرنا۔

۳۔اس مقصد کے لئے ایڈووکیسی کرنا کہ حکومت پہ عوامی دباؤ بڑھایا جائے کہ خواتین کے تحفظ کے حوالے سے قوانین کا پھر سے جائزہ لے کر اُن میں بہتری لائی جائے، خواتین کے تحفظ کے لئے قوانین پہ مؤثر عمل درآمد کیا جائے، خواتین کو سماجی اور معاشی طور پر مضبوط بنایا جائے اور انہیں صنفی بنیادوں پہ انصاف فراہم کیا جائے۔

## سرگرمیاں

منصوبے کے مقاصد کے حصول کے لئے مندرجہ ذیل سرگرمیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

ا۔صنفی بنیادوں پہ تشدد کے خاتمے کے لئے آگہی بڑھانا اور متعلقہ افراد اور اداروں کو متحرک کرنا۔

۲۔صنفی بنیادوں پہ تشدد کے تدارک، خواتین اور لڑکیوں کے خلاف توہین آمیز رویّوں اور رُسوا کرنے کی کوششوں کی روک تھام کے لئے نوجوانوں کے چوکس گروپس کی تشکیل اور اُنکے کام کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا۔

۳۔صنفی بااختیاری کے لئے کام کرنے والے افراد اور اداروں کے درمیان تعلق اور رابطہ کاری بڑھانا۔

۴۔صنفی انصاف اور بااختیاری کے لئے ایڈووکیسی کرنا۔

۵۔صنفی بنیادوں پہ تشدد کا شکار خواتین اور لڑکیوں کے لئے قانونی امداد اور سماجی و نفسیاتی مشاورت کی فراہمی

## منصوبے کے براہِ راست استفادہ کنندگان

منصوبے پہ عمل درآمد کے دوران صنفی بنیادوں پہ تشدد کا شکار کم از کم 1000 خواتین اور لڑکیاں فائدہ حاصل کریں گی۔

### عورتوں کے ساتھ ناانصافی کی چند صورتیں

- سوارہ
- ونی
- بدسلوکی، گالی گلوچ، بے عزتی
- وراثتی جائیداد کے حصے کی خواتین کے نام منتقلی میں ناانصافی
- غیرت کے نام پر قتل
- جبری و کم عمری میں شادی
- چولہا پھٹنے کے بہانے سے زخمی کرنا/جان سے مارنے کی کوشش کرنا
- جبری و کم عمری میں شادی
- جنسی تشدد
- بچوں کی تحویل و سرپرستی کے حوالے سے خواتین کی حق تلفی
- حق مہر، جہیز، نان ونفقہ کی ادائیگی نہ کرنا
- حق مہر، جہیز، نان ونفقہ کی ادائیگی نہ کرنا
- چہرے اور جسم پہ تیزاب پھینکنا
- جسمانی، ذہنی، نفسیاتی اور جنسی تشدد
- قتل
- بالجبر اسقاط حمل
- زبردستی گھر سے بےدخل کر دینا
- دفتر اور ملازمت کی جگہ پر ہراساں کیا جانا
- خواتین کو جنسی طور پہ ہراساں کرنا
- سفر کے دوران ہراساں کیا جانا
- قرآن پاک سے شادی کرنا

## مدد حاصل کرنے کے طریقے

جسمانی یا جنسی تشدد کے واقعات میں سب سے پہلا اور ضروری کام یہ ہے سب سے پہلے پولیس کو اطلاع کریں اور متاثرہ فرد کو کسی بھی قریبی ہسپتال لے کر جائیں اور وہاں سے تصدیق شدہ میڈیکل رپورٹ حاصل کریں تاکہ قانونی کارروائی میں مددگار ثابت ہو۔

اگر آپ خود صنفی بنیادوں پہ تشدد کا شکار ہیں یا تشدد کا شکار کسی خاتون کے بارے میں معلومات رکھتی ہیں تو ہم سے رابطہ کریں ہم آپکی مناسب قانونی امداد کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔


www.baidarie.org.pk
info@baidarie.org.pk
facebook.com/baidarie
arshidmirza2010@gmail.com
hina.baidarie@gmail.com

ایڈریس: بیداری ہیڈ آفس مکان نمبر 13/7-B اگوکی ماڈل ٹاؤن، سیالکوٹ